## سیلاب متاثرین کی عزت نفس مجروح کئے بغیر انکی مدد کی جائے، الطاف حسین

## متاثرہ خاندانوں کو غذائی اشیاء کے حصول کیلئے چھینا جھپٹی کرتے دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے

## متحدہ کلچرل فورم سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی مدد کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں

## الطاف حسین کی ہدایت پر مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم آج رات سکھر روانہ ہوگی

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔19، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو غذائی اشیاء کے حصول کیلئے چھینا جھپٹی کرتے دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔ انہوں نے ایم کیوایم کے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ متاثرین میں امدادی اشیاء کی تقسیم کیلئے ایم کیوایم کا روایتی طریقہ کار اختیار کریں تاکہ متاثرین کی عزت نفس مجروح نہ ہوسکے ۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے سیلاب متاثرین کیلئے کی جانے والی ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کی تازہ ترین تفصیلات معلوم کیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بتایا کہ ملک کے مختلف شہروں میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں عوام کی جانب سے امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرائی جارہی ہیں جو کہ ایم کیوایم پر عوامی اعتماد کا کھلا ثبوت ہے۔انہوں نے بتایا کہ ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں پر مشتمل ٹیم آج رات سکھر روانہ ہوگی۔ٹیم میں مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان شامل ہیں۔یہ طبی امدادی ٹیم سکھر میں فیلڈ اسپتال قائم کرے گی جہاں مختلف امراض کے باقاعدہ شعبے قائم کرکے متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی جائیں گی ۔جناب الطاف حسین نے متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے اپنا آرام وسکون قربان کرنے والوں کو بہت پسند کرتا ہے۔جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کو خصوصی ہدایت کی کہ وہ جلدی امراض اور پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ کی ادویات کی بھاری مقدار طبی امدادی کیمپوں میں بھجوائیں۔انہوں نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو غذائی اشیاء کے حصول کیلئے چھینا جھپٹی کے عمل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت متاثرین میں امدادی اشیاء کی تقسیم کیلئے ایم کیوایم کا روایتی طریقہ کار اختیار کریں تاکہ متاثرین کی عزت نفس مجروح نہ ہوسکے۔جناب الطاف حسین نے فلم، ٹیلی ویژن، ریڈیو اور اسٹیج کے معروف فنکاروں پر مشتمل متحدہ کلچرل فورم کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کی مدد کیلئے میدان عمل میں آئیں اور اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی دل کھول کر مدد کریں، سیلاب متاثرین کیلئے غذائی اجناس، نقد عطیات اور وبائی امراض سے بچاؤ کی ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی بھرپور مدد کیلئے امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں

## اس سلسلے میں کراچی کے مرکزی کیمپ سمیت سکھر، حیدرآباد بیس کیمپوں اور ملتان سے

## امدادی سامان کی تقسیم اور متاثرین کو کھانے پینے کی اشیاء کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے

کراچی۔۔۔19، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی بھرپور مدد کیلئے امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں اور اس سلسلے میں کراچی کے مرکزی کیمپ سمیت سکھر، حیدرآباد بیس کیمپوں اور ملتان میں بھی امدادی سامان کی تقسیم، متاثرین کو کھانے پینے کی اشیاء کی فراہمی جاری ہے۔کراچی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سیلاب زدگان کی امدادی مہم کے نگراں سید مصطفیٰ کمال وارا کین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، محترمہ نسرین جلیل اور واسع جلیل نے بدھ کی شام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ سے اپنی نگرانی میں چار ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان ملتان بیس کیمپ روانہ کیا۔امدادی سامان میں غذائی اجناس، خشک ادویات کی ہزاروں تھیلے، جان بچانے والی ادویات، واٹر کولر، پینے کا صاف پانی اور دیگر امدادی اشیاء شامل ہیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیلاب زدگان کے ساتھ ہے اور مصیبت کی اس گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی، انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا اور یہی وجہ ہے کہ سیلاب زدگان کی حالت پر انہیں دلی صدمہ ہے اور انہوں نے

سیلاب زدگان کی امدادسرگرمیوں کومزید تیز کرنے کیلئے ہدایت دی ہیں۔ جبکہ دوسری جانب سکھر میں موجود متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے سکھر نصرت کالونی نمبر 4 کے گورنمنٹ پرائمری اسکول کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین میں کھانا اور لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور سکھر زونل کمیٹی کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے بدھ کے روز سکھر کے گورنمنٹ پرائمری اسکول میں قائم ریلیف کیمپ میں متاثرین سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے تعاون کی مکمل یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے متاثرین میں کھانا تقسیم کیا بعدازاں انہوں نے سکھر بائی پاس پر گوٹھ لبانو میں سیلاب متاثرین میں راشن بھی تقسیم کیا جس میں آٹا، چاول، دالیں، شکر، تیل، گھی، خشک دودھ، چائے کی پتی اور پینے کے صاف پانی وغیرہ کے علاوہ روز مرہ استعمال کی اشیاء شامل ہیں۔ دریں اثناء انہوں نے سکھر میں ایم کیوایم کے ریلیف بیس کیمپ کا دورہ کیا اور بیس کیمپ میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے جمع ہونے والے امدادی سامان کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر بیس کیمپ کے انچارج قطب الدین اور دیگر ذمہ داران نے ڈاکٹر صغیر احمد کو بتایا کہ سکھر میں بیس کیمپ میں مخیّر حضرات اور عوام کی جانب سے اب تک بھاری مقدار میں امدادی اشیاء غذائی اجناس ودیگر ضروری سامان، پینے کا صاف پانی، ملبوسات اور ادویات کے عطیات جمع کروائے جاچکے ہیں جبکہ کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے بھی کروڑوں روپے مالیت کا سامان مسلسل یہاں پہنچ رہا ہے جس میں غذائی اجناس، خشک اجناس، پینے کا صاف پانی، خیمے، چادریں، برتن، واٹر کولر، ملبوسات اور ادویات شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سکھر بیس کیمپ میں پہنچنے والے امدادی سامان کی پیکنگ کا کام دن رات جاری ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار کی شبانہ روز محنت کررہے ہیں۔ ڈاکٹر صغیر احمد نے پیکنگ کے کاموں میں مصروف عمل ایم کیوایم کے کارکنان اور رضا کاروں کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت اپنا فرض سمجھ کر انجام دے رہی ہے، قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہیں ہیں۔ سکھر کی طرح حیدرآباد میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں اور اس سلسلے میں حق پرست اراکین اسمبلی صلاح الدین، اکرم عادل اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے بدھ کی شب خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد سے ضلع جامشورو کے سیلاب سے متاثرہ مختلف علاقوں سیہون، آمری، مناواں، مانجھند ودیگر علاقوں کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے امدادی اشیاء پر مشتمل 10 ٹرک روانہ کئے۔ متاثرین میں تقسیم کیلئے روانہ کیے گئے امدادی سامان میں آٹا، چاول، دالیں، شکر، گھی، تیل، خشک دودھ، چائے کی پتی، مصالحہ جات، نمک، سلے سلائے نئے ملبوسات، کمبل، رضائیاں، پینے کا صاف پانی اور ادویات شامل ہیں۔

## پنجاب کے مختلف اضلاع میں سیلاب کے متاثرین کیلئے ایم کیوایم کی امدادی اسرگرمیاں

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینئر فاروق ستار کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

راولپنڈی/ ملتان۔۔۔19، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینئر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے پنجاب کے شہر راولپنڈی میں راولپنڈی زون اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جان سے سیلاب زدگان کی امداد کے لئے قائم کئے گئے ریلیف کیمپ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انکے ہمراہ راولپنڈی زون کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ انہوں نے سیلاب سے متاثرہ افراد سے ملاقات کی اور انکے مسائل کے بارے میں معلومات دریافت کیں اور شہر کے مختلف مقامات پر قائم ہونے والے ریلیف کیمپوں پر عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ملک بھر میں جاری سیلاب کے باعث ہونیوالی تباہ کاریوں لوگوں کے املاک اور جانی ومالی نقصانات کے ازالے اور متاثرین سیلاب کی بحالی کے کاموں کو تیز سے تیز تر بنانے کیلئے زیادہ سے زیادہ امدادی سامان ودیگر عطیات جمع کروائیں۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں لوگوں نے کیمپوں وں پر سامان اور نقد عطیات جمع کرائے جسے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینئر ڈاکٹر فاروق ستار نے وصول کیا اور اس دوران انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کیلئے قائم کئے جانیوالے امدای فنڈ ز کیلئے مختلف کیمپوں میں متاثرین کیلئے چندہ بھی جمع کیا اور متاثرین میں بھاری مالیت کی غذائی اجناس، آٹا، گھی، چاول، دالیں، خشک دودھ اور دیگر اشیاء تقسیم کیں۔ اس دوران انہوں نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ایم کیوایم سیلاب کے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور انکے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہوئے انکی ہر ممکن مدد کی جائیگی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا سمیت رکن قومی اسمبلی ساجد احمد کا ممبر صوبائی تنظیمی کمیٹی کامران اختر اور زونل کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان کے ہمراہ پنجاب کے شہر ملتان میں سیلاب سے متاثرہ ضلع مظفر گڑھ کے علاقے قصبہ بصیرہ کے علاوہ، لاہور، ڈیرہ اسماعیل خان، میر پور، مظفر آباد شہر کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع انہوں نے متاثرین سے ملاقاتیں کی اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا، اس دوران انہوں نے متاثرین سیلاب میں امدادی

سامان بھی تقسیم کیا۔ بعدازاں سیلاب متاثرین نے امدادی سامان اور غذائی اجناس تقسیم کرنے پر قائدِ تحریک جناب الطاف حسین بھائی کا شکریہ ادا کیا اور انکی صحتیابی و درازی ءعمر کے لئے ڈھیروں دعائیں دیں۔

## ایم کیوایم کے اورنگی سے منتخب حق پرست عوامی نمائندوں کی کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ایم ڈی تابش گوہر سے ملاقات

کراچی۔۔۔19، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، اقبال قادری، سید منظر امام اور مظاہر امیر نے بدھ کے روز کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر تابش گوہر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں اورنگی ٹاؤن میں گذشتہ کئی روز سے بجلی کی عدم فراہمی کے باعث عوام کو درپیش مسائل ومشکلات سے تفصیلی آگاہ کیا۔ اس موقع پر کے ای ایس سی کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ حق پرست عوامی نمائندوں نے ایم ڈی کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی تابش گوہر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط کی نمائندہ جماعت ہے جو عوامی خواہشات کے مطابق شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کام کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج اورنگی کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے آئیں ہیں۔ حق پرست نمائندوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن میں امن وامان کے حالیہ واقعات کے بعد بعض مقامات پر پی ایم ٹی خراب ہوچکی ہیں جبکہ متعدد بار کمپلین کے باوجود تاحال کوئی سنوائی نہیں کی جارہی جس کے باعث ماہِ رمضان میں بھی اورنگی کے عوام شدید مشکلات وپریشانیوں کا شکار ہیں جبکہ بجلی کی مسلسل عدم فراہمی کے سبب اورنگی میں پانی کی سپلائی بھی بند ہے۔ حق پرست نمائندوں نے ایم ڈی کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی تابش گوہر سے اورنگی کے علاقے میں کمپلین، آپریشن کے معاملات کیلئے نئے سینٹر کے قیام، اورنگی میں 24 سے زائد مقامات پر نئی پی ایم ٹیز اور نئے فیڈرز کی تنصیب کی بھی درخواست کی جسے ایم ڈی نے فوری طور پر منظور کرتے ہوئے حق پرست نمائندوں کو بھرپور یقین دہانی کرائی اور کہا کہ آئندہ ایک دودن میں اورنگی میں بجلی کی فراہمی کیلئے کام شروع کردیا جائیگا۔ اس موقع پر انہوں نے ایم کیوایم کی عملی خدمات کو سراہا اور حق پرست نمائندوں کی کارکردگی کی تعریف کی۔

## ملک بھر میں عارضی طور پر ریلیف کیمپوں میں تبدیل کئے گئے ایم کیوایم کے دفاتر پر عوام اور مخیّر حضرات کی جانب سے بڑی تعداد میں امدادی سامان جمع کرایا جارہا ہے

## ایم کیوایم کے دفاتر کو ریلیف کیمپوں میں تبدیل کرنا بڑا افلاحی کام ہے، عوام ومخیّر حضرات کے تاثرات

کراچی۔۔۔19، اگست 2010ء

سیلاب زدگان کی بھرپور امداد کیلئے عارضی طور پر ریلیف کیمپوں میں تبدیل کئے گئے متحدہ قومی موومنٹ کے زون، سیکٹر اور یونٹ آفسوں پر عوام اور مخیّر حضرات کی جانب سے بڑی تعداد امدادی سامان اور نقد رقوم جمع کرائی جارہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں ایم کیوایم کے زون، سیکٹر اور یونٹ آفسوں کو ریلیف کیمپوں میں تبدیل کرنے کے بعد یہاں عوام اور مخیّر حضرات کی جانب سے بڑی تعداد میں رابطہ کیا جارہا ہے اور ان کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے آٹا، چاول، گھی، تیل، چائے کی پتی، ملبوسات، دالیں اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء جمع کرائی جارہی ہیں امدادی سرگرمیوں کے باعث ایم کیوایم کے زون، سیکٹرز اور یونٹ آفسوں پر زبردست گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔ ایم کیوایم کے زون، سیکٹر اور یونٹ آفسوں سے جمع کیا گیا امدادی سامان مرکزی بیس کیمپوں پر پہنچایا جارہا ہے جہاں سے یہ امدادی سامان متاثرین سیلاب کیلئے روانہ کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر امدادی سامان اور نقد رقوم جمع کرانے والے عوام اور مخیّر حضرات نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم خلق خدا کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سیلاب زدگان کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیوایم کے زون، سیکٹر اور یونٹ آفسوں کو ریلیف کیمپوں میں تبدیل کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے دفاتر کو ریلیف کیمپوں میں تبدیل کرنا بڑا افلاحی کام ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن طاہر کے بڑے بھائی محمد شہزاد اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ A-93 کے کارکن کامران کی ہمشیرہ تبسم ناز کے انتقال پر گہرے رنج دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## فائرنگ کے واقعے میں عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے رہنماء عبیداللہ یوسف زئی کے قتل پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

## رضا ہارون اور وسیم آفتاب کی عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں سے ٹیلی فون پر تعزیت

کراچی۔۔۔19، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی ایئر پورٹ کے علاقے میں عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے رہنماء عبیداللہ یوسف زئی کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ دوہرے قتل کی واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے فائرنگ میں جاں بحق ہونے والے عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے رہنماء عبیداللہ یوسف زئی اور سلیم اختر کے قتل پر عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں اور مقتولین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دوہرے قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سزادی جائے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماء اور سینیٹر افراسیاب خٹک اور رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب نے امین خٹک سے ٹیلی فون پر عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے رہنماء عبیداللہ یوسف زئی کے قتل پر دلی تعزیت و افسوس کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ رنج وغم کی اس گھڑی میں ایم کیوایم ،عوامی نیشنل پارٹی کے ساتھ ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتولین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اے این پی کے تمام قائدین ،رہنماؤں اور کارکنوں سمیت مقتولین کے سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆